**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز
Public Relation Section
**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

# بجلی سے متعلق شکایات کے فوری حل کے لئے اہم قدم،
# آئیسکو کے تمام آپریشن سرکل انچارجز 22 اکتوبر 2025 کو فیس بک ای کچہریوں کا انعقاد کریں گے۔
# چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

**اسلام آباد 20 اکتوبر 2025**

آئیسکو انتظامیہ کی جانب سے معزز صارفین کی سہولت اور بجلی سے متعلق شکایات کے بروقت اندراج و ازالے کیلئے 22 اکتوبر 2025 (بروز بدھ) صبح 09:30 بجے تا دن 11:30 بجے تک آئیسکو کے تمام آپریشن سرکل انچارجز فیس بک ای کچہریوں کا انعقاد کریں گے۔ فیس بک ای کچہریاں ایک جدید اور مئوثر فورم ہیں جن کے ذریعے معزز صارفین اپنی شکایات براہِ راست آئیسکو افسران تک پہنچا سکتے ہیں اور فوری رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔ معزز صارفین اسلام آباد سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Islamabad E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-City E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Rawalpindi-Cantt E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-9293048-، اٹک سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Attock E-Kachery ٹیلیفون نمبر 051-4950343، چکوال سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Chakwal E-Kachery ٹیلیفون نمبر 0543-668500، جہلم سرکل کی فیس بک آئی ڈی SE IESCO Jhelum E-Kachery ٹیلیفون نمبر 0544-9270377 پر دیے گئے اوقات کے دوران رابطہ کر سکتے ہیں۔ معزز صارفین سے گزارش ہے کہ ای کچہری کے دوران رابطہ کرتے وقت اپنا مکمل نام، رابطہ نمبر اور بجلی کے بل کا حوالہ نمبر لازمی فراہم کریں تا کہ آپ کی شکایت کو بروقت متعلقہ دفتر تک پہنچایا جا سکے۔